سُرخاب

# صوتی اُردو

صوتی الفاظ سازی

روئے

گائے

چھوٹا

سیکھا

نیلا

گھاس

آتا

بیر

بھائی

بنیاد دوم

SAMPLE



چھوٹا آتا گائے نیلا

سُرخاب

# صوتی اُردو

بھائی بیر سیکھا






## فہرست


| | فہرست | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 1 | مصوتے | 3 |
| 2 | مصمتے چھوٹی شکل | 4 |
| 3 | مصمتے بڑی شکل | 5 |
| 4 | ”آ“ کے ساتھ دو حرفی الفاظ سازی | 6 |
| 5 | ”بـ“ کے خاندان اور مصوتوں کے ساتھ دو حرفی ارکان سازی | 7 |
| 6 | ”بـ“ کے خاندان کے ساتھ تین اور چار حرفی الفاظ سازی | 8 |
| 7 | ”جـ“ کے خاندان اور مصوتوں کے ساتھ دو حرفی ارکان سازی | 9 |
| 8 | ”بـ“ اور ”جـ“ کے خاندان کے ساتھ تین اور چار حرفی الفاظ سازی | 10 |
| 9 | ہم آواز الفاظ کی سرگرمی | 11 |
| 10 | ”د“ کے خاندان اور مصوتوں کے ساتھ ارکان سازی | 12 |
| 11 | ”د“ کے خاندان کے ساتھ چار حرفی الفاظ سازی | 13 |
| 12 | ”د“ کے خاندان کے ساتھ تین حرفی الفاظ سازی | 14 |
| 13 | ”سـ، شـ، صـ، ضـ، طـ، ظـ“ اور مصوتوں کے ساتھ ارکان سازی | 15 |
| 14 | ”س“ اور ”ش“ کے ساتھ چار حرفی الفاظ سازی | 16 |
| 15 | ہم آواز الفاظ کی سرگرمی۔ | 17 |
| 16 | ”عـ، غـ، فـ، قـ، کـ، گـ“ اور مصوتوں کے ساتھ ارکان سازی | 18 |
| 17 | ”عـ، غـ، فـ، قـ، کـ، گـ“ کے ساتھ چار حرفی الفاظ سازی | 19 |
| 18 | تین حرفی الفاظ سازی | 20 |
| 19 | ہم آواز الفاظ کی سرگرمی اور جملے | 21 |
| 20 | ”لـ، مـ، نـ، ہـ“ اور مصوتوں کے ساتھ ارکان سازی | 22 |
| 21 | ”لـ، مـ، نـ، ہـ“ اور مصوتوں کے ساتھ چار حرفی الفاظ سازی | 23 |
| 22 | ”ل، م، ن، ہ“ کے ساتھ تین حرفی الفاظ سازی | 24 |
| 23 | ہم آواز الفاظ کی سرگرمی | 25 |
| 24 | تین اور چار حرفی الفاظ کی سرگرمی | 26 |
| 25 | بھاری آوازوں کے ساتھ ارکان سازی | 27 |
| 26 | بھاری آوازوں کے ساتھ تین اور چار حرفی الفاظ سازی | 28 |
| 27 | بھاری آوازوں کے ساتھ ارکان سازی | 29 |
| 28 | بھاری آوازوں کے ساتھ تین اور چار حرفی الفاظ سازی | 30 |
| 29 | بھاری آوازوں کے ساتھ ہم آواز الفاظ کی سرگرمی | 31 |
| 30 | ”ا“ کے ساتھ ”ء“ کا استعمال | 32 |
| 31 | ”و“ کے ساتھ ”ء“ کا استعمال | 33 |
| 32 | ”ء“ کے ساتھ ہم آواز الفاظ کی سرگرمی | 34 |
| 33 | طریقہ تدریس | 35 |


SAMPLE

## مصوتے

تاریخ ____________

| | | | |
|---|---|---|---|
| ا |  جالا |  گھوڑا |  کیلا |
| و |  سوچو |  جوڑو |  یویو |
| ی |  چابی |  مکڑی |  گھڑی |
| ے |  تالے |  کپڑے |  تارے |

ا

و

ی

ے

مقصد: مصوتوں کی آواز پہچاننا۔

SAMPLE

تاریخ __________

# مصمتے (چھوٹی شکل)

بـ پـ تـ ٹـ ثـ جـ چـ حـ خـ

د ڈ ذ ر ڑ ز ژ سـ شـ صـ ضـ

طـ ظـ عـ غـ فـ قـ کـ گـ لـ مـ نـ ہـ


بـ پـ تـ ٹـ ثـ جـ چـ حـ خـ

د ڈ ذ ر ڑ ز ژ سـ شـ صـ ضـ

طـ ظـ عـ غـ فـ قـ کـ گـ لـ مـ نـ ہـ


مقصد: مصمتوں کی شروع کی آواز پہچاننا۔

تاریخ ____________

## حرف ملائیے اور پڑھیے

# ب + ا ← با

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ب | + ا | ← | با | با | با |
| ب | + و | ← | بو | بو | بو |
| ب | + ی | ← | بی | بی | بی |
| ب | + ے | ← | بے | بے | بے |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| پ | + ا | ← | پا | پا | پا |
| پ | + و | ← | پو | پو | پو |
| پ | + ی | ← | پی | پی | پی |
| پ | + ے | ← | پے | پے | پے |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ت | + ا | ← | تا | تا | تا |
| ت | + و | ← | تو | تو | تو |
| ت | + ی | ← | تی | تی | تی |
| ت | + ے | ← | تے | تے | تے |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ٹ | + ا | ← | ٹا | ٹا | ٹا |
| ٹ | + و | ← | ٹو | ٹو | ٹو |
| ٹ | + ی | ← | ٹی | ٹی | ٹی |
| ٹ | + ے | ← | ٹے | ٹے | ٹے |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ث | + ا | ← | ثا | ثا | ثا |
| ث | + و | ← | ثو | ثو | ثو |
| ث | + ی | ← | ثی | ثی | ثی |
| ث | + ے | ← | ثے | ثے | ثے |

مقصد: '' ب '' کے خاندان اور مصوتوں کے ساتھ دو حرفی ارکان بنانا۔

SAMPLE

## چار حرفی الفاظ بنایئے

تاریخ ____________

# بو + ٹی ← بوٹی

| | | |
|---|---|---|
| با + با ← بابا | بو + بی ← بوبی | با + بے ← بابے |
| با + ٹا ← باٹا | بو + ٹی ← بوٹی | بو + ٹے ← بوٹے |
| پو + تا ← پوتا | پو + تی ← پوتی | پو + تے ← پوتے |
| پا + تا ← پاتا | پا + تی ← پاتی | پا + تے ← پاتے |

## تین حرفی الفاظ بنایئے

# با + ت ← بات

| | | |
|---|---|---|
| با + ب ← باب | با + پ ← باپ | با + ت ← بات |
| تا + پ ← تاپ | ٹا + ٹ ← ٹاٹ | تو + پ ← توپ |
| آ + پا ← آپا | آ + تا ← آتا | آ + ٹا ← آٹا |
| آ + بی ← آبی | آ + تی ← آتی | آ + پی ← آپی |

SAMPLE

مقصد: ''ب'' کے خاندان کے ساتھ تین اور چار حرفی الفاظ بنانا۔

## سرگرمی: چار حرفی الفاظ بنایئے

تاریخ ________

| | | |
|---|---|---|
| چو | ← پ | آپ |
| آ | ← ج | |
| تو | ← پ | |
| آ | ← ٹ | |
| تا | ← ج | |

| | | |
|---|---|---|
| با | ← پی | ٹوپی |
| حا | ← تا | |
| پو | ← جی | |
| ٹو | ← چی | |
| چا | ← جی | |

## سرگرمی: ہم آواز الفاظ ملایئے

| | |
|---|---|
| چابی | پاتی |
| جاتی | حاجی |
| باجی | آتے |
| جاتے | آبی |

| | |
|---|---|
| آج | باٹ |
| چاٹ | آجا |
| باجا | ٹاپ |
| چاپ | تاج |

SAMPLE

مقصد: ہم آواز الفاظ کی پہچان۔

بالائی سرگرمی کے چار حرفی الفاظ: آپ،توپ،آج،چوٹ،تاج | باجی،حاجی،پوتا،ٹوپی،چاچی

# طریقہ تدریس

## صوتی اُردو بنیاد دوم

صوتی اُردو بنیاد دوم کا مقصد، بنیادی مصوتوں (ا، و، ی، ے) اور تمام حروفِ تہجی کے ساتھ صوتی الفاظ سازی سکھانا ہے۔ اس کے علاوہ بھاری حروف اور 'ء' کی الفاظ سازی بھی اس کتاب میں موجود ہے۔ صفحہ نمبر ۳، ۴ اور ۵ پر حروف تہجی کی آوازیں موجود ہیں۔ الفاظ سازی کی سرگرمی شروع کروانے سے پہلے اطمینان کرلیں کہ بچے ساری آوازیں اچھی طرح ادا کرسکتے ہوں۔

## دوحرفی ارکان بنانے کی سرگرمی (صفحہ نمبر ۷)

۱۔ بچوں کو اپنی طرف متوجہ کیجئے اور تختہ سیاہ پر تھوڑے فاصلے پر آمنے سامنے تین خانے بنایئے۔ پہلے خانے میں 'ب' لکھیے، دوسرے میں 'ا' اور تیسرے میں 'با' لکھیے۔

۲۔ پھر ان دونوں حروف کو جوڑیئے اور جلدی جلدی پڑھایئے جیسے: | ب | | ا | ← | با |

۳۔ اسی طرح بو، بی اور بے کو توڑ کر تختہ سیاہ پر لکھیں اور پڑھائیں۔

۴۔ تختہ سیاہ سے سرگرمی مٹا کر بچوں کو کتاب کے صفحہ کی جانب متوجہ کیجئے اور دوحرفی ارکان بنانا دوبارہ سکھایئے۔

۵۔ پ، ت، ٹ اور ث کے الفاظ بھی اسی طرح سکھائیں۔

۶۔ سارے ارکان با آواز بلند پڑھوائیں۔ جیسے:

با بو بی بے    پا پو پی پے    تا تو تی تے    ٹا ٹو ٹی ٹے    ثا ثو ثی ثے

۷۔ آخر میں نقطہ دار ارکان پر پینسل پھروایئے۔

تمام دوحرفی ارکان اسی طرح پڑھائے جائیں گے۔

## چارحرفی الفاظ بنانے کی سرگرمی (صفحہ نمبر ۸)

۱۔ بچوں کو اپنی طرف متوجہ کیجئے اور تختہ سیاہ پر تھوڑے فاصلے پر آمنے سامنے تین خانے بنایئے۔ پہلے خانے میں 'بو'، دوسرے میں 'ٹی'، اور تیسرے میں 'بوٹی' لکھیے۔

۲۔ بچوں کو الگ الگ دونوں ارکان پڑھایئے۔ پھر ان دونوں ارکان کو جوڑیئے اور جلدی جلدی پڑھایئے۔ جیسے: | بو | | ٹی | ← | بوٹی |

۴۔ تختہ سیاہ سے سرگرمی مٹا کر بچوں کو کتاب کے صفحہ کی جانب متوجہ کیجئے اور چارحرفی الفاظ بنانا دوبارہ سکھایئے۔

۵۔ باری باری صفحے پر دیے گئے تمام چارحرفی الفاظ اسی طرح سکھایئے۔

۶۔ آخر میں سارے الفاظ بغیر توڑے ترتیب سے پڑھائیں۔

کتاب میں موجود تمام چارحرفی الفاظ اسی طرح پڑھائے جائیں گے۔

## تین حرفی الفاظ بنانے کی سرگرمی (صفحہ نمبر ۱۴)

۱۔ بچوں کو اپنی طرف متوجہ کیجئے اور تختہ سیاہ پر تھوڑے فاصلے پر آمنے سامنے تین خانے بنایئے۔ پہلے خانے میں 'چا'، دوسرے میں 'ر'، اور تیسرے میں 'چار' لکھیے۔

۲۔ پھر دونوں ارکان کو جوڑیئے اور جلدی جلدی پڑھایئے، جیسے: | چا | | ر | ← | چار |

۴۔ تختہ سیاہ سے سرگرمی مٹا کر بچوں کو کتاب کے صفحہ کی جانب متوجہ کیجئے اور تین حرفی الفاظ بنانا دوبارہ سکھایئے۔

SAMPLE

۵۔ باری باری صفحے پر دیے گئے تمام تین حرفی الفاظ اسی طرح سکھایئے۔ (بچے اگر حروف کی بڑی اور چھوٹی شکل میں فرق نہ کر سکیں تو صفحہ نمبر ۴ اور ۵ دہرایئے)۔

۶۔ آخر میں سارے الفاظ بغیر توڑے ترتیب سے پڑھائیں۔

کتاب میں موجود تمام تین حرفی الفاظ اسی طرح پڑھائے جائیں گے۔

## ارکان ملا کر الفاظ بنانے کی سرگرمی (صفحہ نمبر ۱۷)

۱۔ بچوں کو اپنی طرف متوجہ کیجیئے اور انہیں متعلقہ صفحے پر دیئے گئے ارکان کا تعارف کروایئے۔

۲۔ سب سے پہلے رکن کو سامنے کی لائن کے ارکان سے اوپر سے نیچے ملوائیں اور جس رکن کے ساتھ بامعنی لفظ بن جائے وہاں با آواز بلند لفظ پڑھوائیں، اور پینسل کے ذریعے دونوں ارکان کو ملوائیں۔

نوٹ: (اسی طرح تمام الفاظ بنوائیں۔ کتاب میں موجود، الفاظ سازی کی تمام سرگرمیاں اسی طرح کروائی جائیں گی۔)

## ہم آواز الفاظ کی سرگرمی (صفحہ نمبر ۱۷)

اس سرگرمی میں اُن الفاظ کو آپس میں ملانا ہے جن کی آواز آخر میں ایک جیسی ہو جیسے شادی، سادی سے ملے گا۔ اسی طرح باٹ، چاٹ سے ملے گا۔

۱۔ باآواز بلند سارے الفاظ پڑھوائیں۔ مشکل الفاظ تختہ سیاہ پر لکھ کر سمجھائیں۔

۲۔ بچوں کو بتائیں کہ جن الفاظ کی آواز آخر میں ایک جیسی ہو اُن کو آپس میں پینسل سے ملا دیں۔

۳۔ بچوں سے اُن کی یادداشت کے مطابق ہم آواز الفاظ ڈھونڈنے کو کہیں۔

## 'ء' کو پڑھانے کا طریقہ کار (صفحہ نمبر ۳۲)

۱۔ بچوں کو بتائیں کہ 'ء' کی کوئی مخصوص آواز نہیں ہوتی۔ جب بھی 'ا' کے بعد "و، ی یا ے" آئے تو اُن کے درمیان 'ء' کا اضافہ کیا جاتا ہے۔

۲۔ پہلے ا۔و کے ارکان اور بننے والے الفاظ بورڈ پر لکھیں۔

۳۔ ارکان با آواز بلند پڑھائیں، پھر دونوں ارکان کو جوڑیئے اور جلدی جلدی پڑھایئے، جیسے: آ ؤ ← آؤ

۴۔ اسی طرح ا۔ی اور ا۔ے کے الفاظ پڑھائیں۔

(نوٹ: ؤ کے بعد بھی اگر "ی اور ے" آئے تو 'ء' لگتا ہے۔ صفحہ نمبر ۳۳ پر یہ الفاظ موجود ہیں۔)

اس کتاب کو مکمل کرنے کے بعد بچہ انفرادی طور پر الفاظ پڑھنے اور لکھنے کے قابل ہو جاتا ہے۔ صوتی الفاظ سازی کا طریقہ کار، پرائمری جماعتوں میں اُردو پڑھنے کے عمل میں بہت مددگار ثابت ہوتا ہے۔

**نوٹ:** فلیش کارڈز کا موثر استعمال ارکان سازی اور الفاظ سازی کی سرگرمیوں کو نہایت آسان اور دلچسپ بنا دیتا ہے۔

SAMPLE

سُرخاب

# صوتی اُردو

صوتی ’صوت‘ سے اخذ کیا گیا ہے۔’صوت‘ کے معنی آواز کے ہیں۔صوتی اُردو حروف کی آوازوں کے تعارف اور ان سے بننے والے الفاظ کی سرگرمیوں کی کتاب ہے۔صوتی اُردو صوتیات (Phonics) کے طریقہ تدریس پر مبنی ہے۔دنیا کی تقریباً نصف آبادی عربی، انگریزی اور اُردو زبان بولتی ہے۔تحقیق سے ثابت ہے کہ ان زبانوں کو سکھانے کا بہترین طریقہ صوتیات ہے۔صوتیات کے ذریعے سے بچہ الفاظ سازی تیزی سے سیکھتا ہے اور تلفظ بہتر بناتا ہے۔بہتر تلفظ موثر تفہیم کا باعث بنتا ہے۔

صوتی اُردو کی تین کتابیں ہیں: صوتی اُردو ابتدائی میں حروف کی شروع کی آوازوں کی سرگرمیاں ہیں۔صوتی اُردو بنیاد اوّل میں حروف کی شروع اور آخر کی آوازوں کی سرگرمیوں کے ساتھ بنیادی الفاظ سازی ہے۔صوتی اُردو بنیاد دوم میں دو، تین اور چار حرفی الفاظ سازی کے ساتھ بھاری آوازوں اور ’ ء ‘ کا استعمال سکھایا گیا ہے۔ان کتابوں کے ساتھ حروف کے تعارف اور ذخیرہ الفاظ کے لیے ’بصری اردو‘ اور لکھائی کی مشق کے لیے ’قلمی اردو‘ کی کتب پڑھائی جاتی ہیں۔

سُرخاب صوتی اُردو | سُرخاب قلمی اُردو | سُرخاب بصری اُردو

طفلی

SAMPLE